NHS

بنام: [پتہ]

آپ کا این ایچ ایس نمبر: [این ایچ ایس نمبر]

عزیز [نام]

کووڈ 19 کے علاج کے بارے میں اہم معلومات

ہوسکتا ہے آپ کو پہلے این ایچ ایس انگلینڈ سے ایک خط یا ای میل موصول ہوئی ہو ، یا آپ کے ہسپتال کے ماہر یا جی پی نے وضاحت کی ہو کہ اگر آپ کو کوویڈ ہوتا ہے تو آپ علاج کے لئے موزوں ہوسکتے ہیں اور اگر ضرورت ہو تو علاج کیسے حاصل کیا جائے۔

ہم دوبارہ لکھ رہے ہیں کیونکہ وہ طریقہ جس سے آپ علاج تک رسائی کرتےہیں، منگل 27 جون 2023 سے تبدیل ہوجائے گا۔

اگر آپ منگل 27 جون 2023 سے کوویڈ سے متاثر ہوتے ہیں تو:

- مثبت کوویڈ ٹیسٹ کے نتائج کی اطلاع دینے کے بعد آپ سے علاج کے بارے میں این ایچ ایس کی طرف سے خود بخود رابطہ نہیں کیا جائے گا۔

- **یہ علاج تک رسائی کا ترجیحی اور تیز ترین راستہ ہے:**
  آپ کو الائنس فار بیٹر کیئر کوویڈ اینٹی وائرل میڈیکیشن کی ویب سائٹ پر اُن کی طرف آن لائن ایک سیلف ریفرل بنانا چاہیے: https://allianceforbettercare.org/nmabs/.

  براہ کرم اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس آپ کی تجویز کردہ ادویات کی تازہ ترین مکمل فہرست (بشمول اسپتال کی ادویات کے) موجود ہو۔

- اگر آپ آن لائن سیلف ریفرل تک رسائی حاصل کرنے سے قاصر ہیں تو آپ پھر بھی اپنی جی پی پریکٹس ، این ایچ ایس 111 سے رابطہ کرسکتے ہیں تاکہ وہ آپ کو علاج کے لئے تشخیص کے لئے ریفرکرنے پر غور کرسکیں۔

ہم آپ کو یہ خط کیوں بھیج رہے ہیں؟

فی الحال آپ کے میڈیکل ریکارڈ سے پتہ چلتا ہے کہ آپ کو صحت کی حالت درپیش ہوسکتی ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ اگر آپ کو کوویڈ ہوتا ہے تو علاج آپ کے لئے موزوں ہوسکتا ہے۔

یہ علاج آپ کے کوویڈ سے شدید بیمار ہونے کے امکانات کو کم کرسکتے ہیں اور علامات ظاہر ہونا شروع ہونے کے بعد فوری طور پر دینے کی ضرورت ہے۔

NHS

ہوسکتا ہے کہ آپ کو پہلے بتایا گیا ہو کہ جب آپ مثبت کوویڈ ٹیسٹ کی اطلاع دیں گے تو این ایچ ایس آپ سے علاج کے بارے میں رابطہ کرے گا۔ 27 جون سے اب ایسا نہیں ہوگا۔

1. آپ کو گھر پر لیٹرل فلو ٹیسٹ رکھنا چاہئے

اگر آپ کو علامات ظاہر ہوتی ہیں تو آپ کو استعمال کرنے کے لئے گھر پر لیٹرل فلو ٹیسٹس رکھنا چاہئے۔ آپ یہ مفت میں آرڈر کر سکتے ہیں https://www.gov.uk/order-coronavirus-rapid-lateral-flow-tests پریا 119 پر کال کرکے۔

1 اکتوبر 2023 سے ، ٹیسٹوں تک رسائی حاصل کرنے کا طریقہ تبدیل ہوسکتا ہے۔ مزید معلومات یہاں دستیاب ہوں گی www.nhs.uk/CoronavirusTreatments.

اب آپ فارمیسی یا دکان سے خریدے گئے ٹیسٹ بھی استعمال کرسکتے ہیں۔

2. اگر آپ میں کوویڈ کی علامات ہیں تو آپ کو ٹیسٹ کروانا چاہئے

اگر آپ میں کوویڈ کی علامات ہیں تو آپ کو فوری طور پر ٹیسٹ کروانا چاہئے ، چاہے آپ کی علامات خفیف ہی کیوں نہ ہوں۔

اگر آپ کا ٹیسٹ منفی ہے لیکن آپ میں علامات برقرار ہیں تو ، آپ کو اگلے دو دنوں میں سے ہر ایک پر ایک اور ٹیسٹ لینا چاہئے (تین دن میں مجموعی طور پر تین ٹیسٹ)۔

جہاں ممکن ہو آپ کو اپنے ٹیسٹ کے نتائج کی اطلاع دینی چاہئے۔ https://www.gov.uk/report-covid19-result پریا 119 پر کال کرکے، اپنے این ایچ ایس نمبر اور پوسٹ کوڈ کا استعمال کرتے ہوئے (اس خط کے اوپری حصے میں)۔ یہ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ آپ کے ٹیسٹ کا نتیجہ این ایچ ایس کو نظر آئے، ریفرل اور تشخیص میں معاونت کےلئے۔

آپ فارمیسی یا دکان سے خریدے گئے ٹیسٹ کے نتائج کی اطلاع gov.uk ویب سائٹ کے ذریعے دینے کے قابل نہیں ہوں گے لیکن یہ علاج کے لئے تشخیص تک آپ کی رسائی کو متاثر نہیں کرے گا.

3. اگر آپ کا ٹیسٹ مثبت آتا ہے تو فوری طور پر این ایچ ایس سے رابطہ کریں

27 جون سے، اگر آپ کا ٹیسٹ مثبت آتا ہے، تو آپ کو**فوری طور پر ایک آن لائن سیلف ریفرل کرنا چاہیے، یا اپنی جی پی پریکٹس یا این ایچ ایس 111** سے رابطہ کریں تاکہ وہ آپ کو علاج کےلئے تشخیص کے لئے بھیجنے پر غور کرسکیں۔

مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں: www.nhs.uk/CoronavirusTreatments

آپ کا / کی مُخلص،

رسائی

اگر آپ کومعلومات کی کسی مختلف فارمیٹ، جیسا کہ قابل رسائی پی ڈی ایف ، بڑی چھپائی، ایزی ریڈ یا بریل میں ضرورت ہے تو ، براہ کرم رابطہ کریں:

- ای میل: sxicb.involvement@nhs.net
- فون: 01273 485300

ہم آپ کی درخواست پر غور کریں گے اور جتنا جلد ممکن ہوا آپ سے واپسی رابطہ کریں گے.

این ایچ ایس نے آپ کی معلومات کو کس طرح استعمال کیا ہے اس بارےمیں مزید معلومات یہاں موجود ہیں: www.digital.nhs.uk/coronavirus/treatments/transparency-notice